© rasailojaraid.com

## قادیانیت کوئی مذہب نہیں بلکہ دجل و تلبیس اور فراڈ و دھوکہ دہی کا دوسرا نام ہے

## قادیانیت کا پول کھل چکا ہے اور اب یہ روبہ زوال ہے (شیخ راحیل احمد)

**جماعت احمدیہ جرمنی کے سابق امیر، نومسلم جناب شیخ راحیل احمد کی ٹیلی فون پر عبداللطیف خالد چیمہ سے بات چیت**

چیچہ وطنی (۱۴ر ستمبر) حال ہی میں قادیانیت ترک کر کے اسلام قبول کرنے والے مشہور قادیانی لیڈر اور جرمنی کی قادیانی جماعت کے سابق سربراہ راحیل احمد شیخ نے کہا ہے کہ قادیانیت کوئی مذہب نہیں بلکہ دجل و تلبیس اور فراڈ و دھوکہ دہی کا دوسرا نام ہے۔ قادیانیت کا پول کھل چکا ہے اور اب یہ روبہ زوال ہے۔ جو اعداد و شمار قادیانیت قبول کرنے والوں کے بتائے جارہے ہیں، وہ سراپا جھوٹ ہے اور یہی جھوٹ قادیانیوں کا طرۂ امتیاز ہے۔ یہ باتیں انہوں نے مجلس احرار اسلام کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کیں۔

انہوں نے کہا کہ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا ہے کہ مجھے ہدایت ملی ہے اور میں اس کفر و گمراہی کی اتھاہ گہرائیوں سے نکل کر محمد عربی ﷺ کی سچی غلامی میں آ گیا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اپنی سابقہ زندگی پر ندامت ہے۔ انہوں نے کہا میں قادیانیت کے اندر باہر کو پوری طرح جانتا ہی نہیں، پہچانتا بھی ہوں اور مجھ سے رائل فیملی کا کچھ بھی چھپا ہوا نہیں۔ میں نے شعوری طور پر قادیانیت کو چھوڑ کر اسلام قبول کیا ہے اور تمام قادیانیوں سے دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ قادیانیت کے اصلی چہرے کو سمجھنے کی کوشش کریں تو راہ حق کی تلاش آسان ہو جائے گی۔ انہوں نے تمام مسلمانوں سے درخواست کی کہ وہ میرے اور خاندان کی اسلام پر استقامت اور ایمان پر خاتمے کی دعا کریں۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا سے اہل اسلام کی طرف سے مجھے پیغامات اور مبارکباد کے ذریعے جو محبت دی گئی ہے اس کا اظہار الفاظ میں ممکن نہیں۔

## مسافرانِ آخرت

☆ تحریک طلباء اسلام چیچہ وطنی کے سابق اور افتخار علی پوسوال کے والدِ گرامی چودھری محمد اشرف پوسوال جولائی میں انتقال کر گئے۔

☆ چیچہ وطنی کے معروف شاعر اور ادیب محمد ادریس قمر گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحوم حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری اور حضرت پیر جی عبدالعلیم شہیدؒ کے انتہائی قریبی اور بے تکلف ساتھیوں میں سے تھے۔ شعبۂ صحافت کے ذریعے دینی تحریکوں اور مجلس احرار اسلام کی تازندگی بھرپور معاونت کرتے رہے۔

☆ حضرت مولانا مفتی محمد انور مدظلہٗ (استاذ جامعہ خیر المدارس ملتان) اور حضرت مولانا محمد ازہر (خیر المعارف اکیڈمی، ملتان) کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین) قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعائے مغفرت کا خصوصی اہتمام کریں۔ (ادارہ)


© rasailojaraid.com